اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے آداب

﴿1﴾ 20 بار **"یانافع"** جو کسی کام کو شروع کرنے سے قبل پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل وہ کام اس کی مرضی کے مطابق پورا ہو گا۔(رسالہ:40روحانی علاج) آیئے 20 بار **"یانافع"** پڑھ لیتے ہیں۔

﴿2﴾ جب بھی علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کریں تو ہو سکے تو تمام اسلامی بہنیں باوضو رہیں۔

﴿3﴾ جو حدود آپ کو نیکی کی دعوت کے لئے دی گئی ہیں اطاعت کرتے ہوئے اسی حدود پر نیکی کی دعوت دیں اور جس کے ساتھ بھیجا جارہا ہے اسی کے ساتھ جائیں.

﴿4﴾ اسلامی بہن انتہائی نرمی کے ساتھ نیکی کی دعوت پیش کرے اور یہ جملہ نہ کہا جائے آپ اجتماع میں کیوں نہیں آتیں بلکہ احسن انداز میں دعوت دے۔ اس دوران اپنی بے بسی اور دلوں کو پھیرنے والے اللہ پاک کی رحمت کی طرف توجہ رہے کہ یہ کامیابی کی کنجی ہے۔ نیکی کی دعوت دینے والی کا یہ ذہن بنا رہے کہ میرا کام صرف نیکی کی دعوت پیش کر کے ثواب حاصل کرنا ہے رہا ہدایت دینا تو یہ اللہ عَزَّوَجَل کے اختیار میں ہے۔

﴿5﴾ اگر کسی نے نیکی کی دعوت قبول کر لی تو اسے اپنا کمال نہ سمجھیں بلکہ اللہ پاک ہی کا کرم تصور کریں نیز اگر کسی ایک نے دعوت قبول نہ کی تو لوگوں پر بدگمانی کرنے کے بجائے اپنے اخلاص کی کمی تصور کرتے ہوئے مزید کوشش جاری رکھیں۔

﴿6﴾ کبھی کسی کے لیے یہ نہ کہیں کہ ان کو نیکی کی دعوت دینے سے کیا فائدہ کہ وہ آتی نہیں ہیں۔ امیر اہلسنّت فرماتے ہیں **"نیکی کی دعوت دینے سے ثواب ملے گا، منانا ہمارا کام نہیں، پہنچانا ہمارا کام ہے"۔**

﴿7﴾ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں آتے جاتے ہوئے ممکنہ صورت میں راستے کے کنارے ایک طرف چلیں نگاہیں نیچی کیے ذکر و درود میں مشغول رہیں واپسی پر استغفار پڑھیں، آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔

﴿8﴾ تین بار دروازے پر دستک دیں۔ اگر دروازہ نہ کھلے تو بغیر ناراض ہوئے آگے چل پڑیں اور دروازہ کھولنے پر اصرار نہ کریں۔

﴿9﴾ اگر کسی بلڈنگ میں نیچے کا گیٹ بند ہو اور اوپر سے اسلامی بہنیں پوچھیں کہ کیا کام ہے؟ تو ہماری اسلامی بہنیں بلند آواز سے جواب نہ دیں کیونکہ عورت کی آواز کا بھی پردہ ہے۔ لہٰذا ایسی صورت میں " **ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع (تحریری دعوت نامہ)"** اور رسالہ کسی ٹوکری وغیرہ کے ذریعے دے دیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ یوں ہی اگر اوپر سے کوئی مرد پوچھے کہ کیا کام ہے؟ تو ایسی صورت میں بھی "تحریری دعوت نامہ "اور رسالہ کسی ٹوکری وغیرہ کے ذریعے دے سکتے ہیں۔(دارالافتاء تمہید الایمان)

☆ نیکی کی دعوت صرف اسلامی بہنوں ہی کو دیں اگر گھر میں سے کوئی مرد آئے تو ان کو یہ کہیں کہ گھر کی اسلامی بہن کو بلا دیجئے مزید بات چیت نہ کریں۔

☆ اگر کسی بلڈنگ میں سیکیورٹی کے مسائل کے تحت چوکیدار اُس بلڈنگ میں رہنے والی اسلامی بہنوں کے ساتھ بھی نیکی کی دعوت دینے والی اسلامی بہنوں کو اوپر نہ جانے دیں تو پھر اسی بلڈنگ کی رہائشی اسلامی بہن کو "ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع (تحریری دعوت نامہ)" کسی کتاب یا رسالے میں لگا کر اس عرض کہ ساتھ دیں کہ آپ اپنی بلڈنگ میں یہ رسائل تقسیم فرمادیں۔

☆ ایسی بلڈنگ جہاں کسی کمیٹی کے تحت نوٹس بورڈ لگائے گئے ہوں تو ضرورتاً کمیٹی والوں سے اجازت لے کر اُس بلڈنگ کے نوٹس بورڈ پر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا تحریری دعوت نامہ چسپاں کیا جاسکتا ہے۔(مگر اس بات کا خیال رہے کہ اسلامی بھائیوں سے ڈائریکٹ رابطہ نہ کیا جائے۔)

﴿10﴾ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے لئے جن گھروں میں جانا ہو تو وہاں کسی بھی قسم کی ذاتی گفتگو سے اجتناب کیا جائے۔

﴿11﴾ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے دوران راہ چلتی اسلامی بہنوں کو نیکی کی دعوت دیتے وقت اردگرد کی نوعیت کو پیشِ نظر رکھا جائے۔ اور اگر مدنی برقع پہنا ہے تو اندر نقاب ہو اور نیکی کی دعوت دیتے وقت مدنی برقع اوپر کر کے نقاب لگالیں اور جب نیکی کی دعوت دیں تو اپنے پردے کا مکمل دھیان رکھتے ہوئے اِردگرد کے ماحول کو دیکھ کر اگر ممکن ہو اور بے پردگی نہ ہوتی ہو تو نقاب بھی نیچے کر کے، مسکرا کر اور ان کے دروازے سے دور کھڑی ہو کر نیکی کی دعوت دیں۔

﴿12﴾ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے دوران اگر کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا مثلاً دروازہ نہ کھلا یا کسی نے جھاڑ دیا یا بات توجہ سے نہ سنی تو صبر کریں اور اس کا ذکر بھی کسی سے نہ کریں۔

﴿13﴾ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے دوران اگر کوئی بحث کرے تو اس سے اُلجھنے کے بجائے نرمی سے اپنی نیکی کی دعوت پیش کر کے آگے بڑھ جائیں۔

﴿14﴾ نیکی کی دعوت دینے پر عبور حاصل کرنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ **"انفرادی کوشش"** (کتاب) سے استفادہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔